نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کا سیلاب زدہ علاقوں کا دورہ

سیلاب کی موجودہ صورتحال اور محکمہ زراعت ولائیوسٹاک پنجاب کے تحت جاری ریلیف سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔

لاہور: **08 ستمبر 2025:** وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے سیلاب زدہ علاقوں اور ریلیف کیمپس کا دورہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے سیلاب زدگان کیلئے جاری ریلیف سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور اسے تیز کرنے کا حکم دیا۔انھوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ زراعت ولائیوسٹاک پنجاب متاثرین سیلاب کے ریلیف آپریشنز میں سرگرمِ عمل ہیں۔صوبائی وزیر زراعت نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کے تحت قائم 429 فلڈ ریلیف کیمپس پر محکمہ زراعت ولائیوسٹاک کا عملہ تعینات ہے جبکہ محکمہ زراعت پنجاب کا 1200 سے زائد فیلڈ عملہ سیلاب متاثرین کی ریلیف سرگرمیوں میں مصروفِ عمل ہے۔محکمہ زراعت پنجاب کے تحت اب تک سبز چارہ کی 725 ٹرالیاں متاثرین سیلاب کے جانوروں کے لئے فراہم کی جا چکی ہیں،اس کے علاوہ سبز چارہ کے 1424 ریڑھے اور لوڈر رکشے بھی فراہم کیے گئے ہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب کی جانب سے اب تک 8 ہزار 3 سو من توڑی سیلاب متاثرین کے جانوروں کیلئے فراہم کی گئی ہے جبکہ بند مضبوط کرنے کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کے 14 بلڈوزرز ضلعی انتظامیہ کے سپرد کیے گئے ہیں۔صوبائی وزیر نے کہا کہ محکمہ لائیوسٹاک پنجاب کے 3466 ملازمین فلڈ ریلیف کیمپس میں تعینات ہیں اور ان کی خدمات کے نتیجے میں اب تک سیلاب متاثرین کے 75 ہزار 161 جانوروں کا علاج کیا جا چکا ہے۔محکمہ لائیوسٹاک پنجاب کے تحت اب تک 5 لاکھ 20 ہزار جانوروں کو حفاظتی ٹیکہ جات لگائے گئے ہیں جبکہ متاثرین کے جانوروں کیلئے 528 ٹن ونڈا بھی تقسیم کیا جا چکا ہے۔

☆☆☆☆

☆☆☆☆